## INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY

## A

## BILL

*further to amend the Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1973*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1973(XXXV of 1973) for the purposes hereinafter appearing: -

It is hereby enacted as follows:-

**1. Short title and commencement.** - (1) This Act shall be called the Legal Practitioners and Bar Councils (Amendment) Act, 2023.

(2) It shall come into force at once.

**2. Amendment in Section 11, Act XXXV of 1973.**- In the Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1973 (XXXV of 1973), hereinafter referred to as this Act, in section 11, in sub-section (1),

(a) For the words "twenty-three", the words "twenty-four" shall be substituted.

(b) For the correspondence entry related to Baluchistan, "1" the correspondence entry "2" shall be substituted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

To provide a dedicated and adequate representation of Lawyers of Baluchistan in the Pakistan Bar Council, this bill is proposed.

**Qadir Khan Mandokhail**
**Member, National Assembly**

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ ]

## وکلاء اور بار کونسلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے وکلاء اور بار کونسلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۳۵ مجریہ ۱۹۷۳ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا وکلاء اور بار کونسلز (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۳ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۳۵ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۱۱ کی ترمیم:۔** وکلاء اور بار کونسلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۳۵ مجریہ ۱۹۷۳ء) جس کا یہاں بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، میں، دفعہ ۱۱ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں:

(الف) لفظ "تیئس" کو لفظ "چوبیس" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

(ب) بلوچستان سے متعلقہ مماثل اندراج "۱" کو مماثل اندراج "۲" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض ووجوہ

پاکستان بار کونسل میں بلوچستان کے وکلاء کی مخصوص اور مناسب نمائندگی کی فراہمی کے لئے بل ہذا تجویز کیا گیا ہے۔

دستخط/-
**قادر خان مندوخیل**
رکن، قومی اسمبلی